| | |
|---|---|
| قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِىْ غُلٰمٌ | عرض کیا: اے میرے مالک! کیونکر ہوگا میرے ہاں لڑکا |
| وَّكَانَتِ امْرَاَتِىْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ | جبکہ ہے میری بیوی بانجھ اور میں پہنچ گیا ہوں |
| مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ﴿۸﴾ | بڑھاپے میں انتہا کو ﴿۸﴾ |
| قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَىَّ | ارشاد ہوا: ایسا ہی ہوگا، فرماتا ہے تیرا رب، یہ (پیدا کرنا) میرے لیے |
| هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ | بہت آسان ہے۔ آخر پیدا کر چکا ہوں میں ہی تجھ کو بھی |
| مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْـًٔا ﴿۹﴾ | اس سے پہلے جبکہ نہ تھا تو کوئی چیز ﴿۹﴾ |
| قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّىْٓ اٰيَةً ؕ | عرض کیا: اے میرے مالک! مقرر کر دے تو میرے لیے کوئی نشانی |
| قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ | ارشاد ہوا: تیرے لیے نشانی یہ ہے کہ نہ بات کر سکے گا تو لوگوں سے |
| ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ﴿۱۰﴾ | تین رات (دن) مسلسل ﴿۱۰﴾ |
| فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ | چنانچہ نکل کر آئے وہ اپنی قوم کے پاس حجرہ سے |
| فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا | اور اشارے سے کہا انہیں کہ تسبیح کرتے رہو (اللہ کی) |
| بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۱۱﴾ | صبح و شام ﴿۱۱﴾ |
| يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ | (جب لڑکا پیدا ہوگیا تو ارشاد ہوا) اے یحییٰ! تھام لو ہماری کتاب کو |
| بِقُوَّةٍ ؕ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ﴿۱۲﴾ ۙ | مضبوطی سے۔ اور نوازا تھا ہم نے اُسے دانائی سے بچپن میں ہی ﴿۱۲﴾ |
| وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ؕ | اور نرم دلی عطا کی تھی اپنی جناب خاص سے اور پاکیزگی بھی |
| وَكَانَ تَقِيًّا ﴿۱۳﴾ ۙ | اور تھا وہ پرہیز گار ﴿۱۳﴾ |
| وَّبَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ | اور حق شناس اپنے والدین کا اور نہ تھا |
| جَبَّارًا عَصِيًّا ﴿۱۴﴾ | سرکش، نافرمان ﴿۱۴﴾ |

| | |
|---|---|
| فَاَشَارَتْ اِلَيْهِ ؕ قَالُوْا كَيْفَ | پس اشارہ کیا مریم نے بچّہ کی طرف۔ وہ کہنے لگے کیسے |
| نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِى الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿٢٩﴾ | بات کریں ہم اس سے جو ہے گود میں ایک چھوٹا سا بچّہ؟ ﴿٢٩﴾ |
| قَالَ اِنِّىْ عَبْدُ اللّٰهِ ؕ | (اس وقت وہ بچّہ) بول اُٹھا: بے شک میں بندہ ہوں اللہ کا |
| اٰتٰنِىَ الْكِتٰبَ وَجَعَلَنِىْ نَبِيًّا ﴿٣٠﴾ | عطا کی ہے اُس نے مجھے کتاب اور بنایا ہے مجھے نبی ﴿٣٠﴾ |
| وَّجَعَلَنِىْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۪ | اور کیا ہے اس نے مجھے برکت والا جہاں بھی میں ہوں |
| وَاَوْصٰنِىْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ | اور حکم دیا ہے اس نے مجھے نماز کا اور زکوٰۃ کا |
| مَا دُمْتُ حَيًّا ﴿٣١﴾ | جب تک رہوں میں زندہ ﴿٣١﴾ |
| وَّبَرًّاۢ بِوَالِدَتِىْ ۫ وَلَمْ يَجْعَلْنِىْ | اور حق شناس رہوں اپنی والدہ کا اور نہیں بنایا اُس نے مجھے |
| جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿٣٢﴾ | سرکش اور بدبخت ﴿٣٢﴾ |
| وَالسَّلٰمُ عَلَىَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ | اور سلام ہے مجھ پر جس دن پیدا ہُوا میں |
| وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ | اور جس دن مروں گا اور جس دن |
| اُبْعَثُ حَيًّا ﴿٣٣﴾ | اُٹھایا جاؤں گا میں زندہ کرکے ﴿٣٣﴾ |
| ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ | یہ ہیں عیسیٰؑ ابن مریم (اور یہ ہے وہ) سچّی بات |
| الَّذِىْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿٣٤﴾ | جس کے بارے میں جھگڑتے ہیں یہ لوگ ﴿٣٤﴾ |
| مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ | نہیں ہے اللہ کے شایانِ شان کہ بنائے کسی کو بیٹا، |
| سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا | پاک ہے اُس کی ذات۔ جب فیصلہ کرلیتا ہے کسی کام کا |
| فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٣٥﴾ ؕ | تو بس حکم دیتا ہے اُسے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتا ہے ﴿٣٥﴾ |
| وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّىْ وَرَبُّكُمْ | اور بے شک اللہ ہی میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے |
| فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٣٦﴾ | سو اُسی کی عبادت کرو۔ یہی ہے راہ سیدھی ﴿٣٦﴾ |

| | |
|---|---|
| ثُمَّ لَنَحْنُ اَعْلَمُ بِالَّذِيْنَ هُمْ | پھر یقیناً ہم ہی بہتر جانتے ہیں ان لوگوں کو جو اُن میں سے |
| اَوْلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿۷۰﴾ | زیادہ مستحق ہیں جہنّم میں ڈالے جانے کے ﴿۷۰﴾ |
| وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ | اور نہیں ہے تم میں سے کوئی شخص مگر وہ ضرور گزرے گا جہنّم پر سے، |
| كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿۷۱﴾ | ہے یہ بات تیرے رب کی طرف سے لازم اور طے شدہ ﴿۷۱﴾ |
| ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ | پھر ہم بچالیں گے ان لوگوں کو جو متقی تھے اور چھوڑ دیں گے |
| الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿۷۲﴾ | ظالموں کو اسی میں گرا ہُوا ﴿۷۲﴾ |
| وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا | اور جب تلاوت کی جاتی ہیں اُن کے سامنے ہماری آیات |
| بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ | جو بہت واضح ہیں تو کہتے ہیں کافر لوگ ان لوگوں سے جو |
| اٰمَنُوْٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيْقَيْنِ خَيْرٌ | ایمان لے آئے کہ کون ہے دونوں گروہوں میں سے زیادہ بہتر |
| مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿۷۳﴾ | مقام کے لحاظ سے اور بہتر ہے مجلسوں کے اعتبار سے ؟ ﴿۷۳﴾ |
| وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ | حالانکہ کتنی ہی ہلاک کر چکے ہیں ہم اُن سے پہلے اُمّتیں |
| هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿۷۴﴾ | جو بہتر تھیں (ان سے) سازوسامان اور شان وشوکت کے لحاظ سے ﴿۷۴﴾ |
| قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ | ان سے کہہ دیجیے : جو ہیں مبتلا گمراہی میں سو ڈھیل دیا کرتا ہے |
| لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا | انہیں رحمٰن خوب ڈھیل، یہاں تک کہ جب وہ دیکھیں گے |
| مَا يُوْعَدُوْنَ اِمَّا الْعَذَابَ | وہ چیز جس کا وعدہ کیا گیا ہے ان سے یعنی عذاب |
| وَاِمَّا السَّاعَةَ ۭ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ | اور یا قیامت ۔ تو ضرور جان لیں گے کہ کون ہے جو |
| شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿۷۵﴾ | زیادہ بُرا ہے حالت کے لحاظ سے اور کمزور ہے کس کا لشکر؟ ﴿۷۵﴾ |

| | |
|---|---|
| وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا | اور ترقی عطا کرتا ہے اللہ ان لوگوں کو جو راہِ راست اختیار کرتے ہیں |
| هُدًى ۭ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ | ہدایت میں ۔ اور باقی رہ جانے والی نیکیاں ہی |
| خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا | بہتر ہیں نزدیک تیرے رب کے جزا کے اعتبار سے |
| وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾ | اور بہتر ہیں انجام کے لحاظ سے ﴿٧٦﴾ |
| اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا | بھلا کیا تم نے دیکھا اس شخص کو جس نے انکار کر دیا ہماری آیات کا |
| وَقَالَ لَاُوْتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾ؕ | اور کہا کہ ضرور نوازا جاؤں گا میں مال و اولاد سے ؟ ﴿٧٧﴾ |
| اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ | کیا پتہ چل گیا ہے اُس کو غیب کا یا لے رکھا ہے اُس نے |
| عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿٧٨﴾ۙ | رحمٰن سے کوئی عہد ؟ ﴿٧٨﴾ |
| كَلَّا ۭ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ | ہرگز نہیں ہم لکھے لیتے ہیں وہ بات جو یہ کہہ رہا ہے |
| وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿٧٩﴾ۙ | اور ہم بڑھاتے چلے جائیں گے اس کے لیے عذاب آہستہ آہستہ ﴿٧٩﴾ |
| وَّنَرِثُهٗ مَا | اور مالک بن جائیں گے ہم ان سب چیزوں کے جن کا |
| يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿٨٠﴾ | یہ ذکر کر رہا ہے اور یہ حاضر ہوگا ہمارے حضور اکیلا ﴿٨٠﴾ |
| وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً | اور بنا رکھے ہیں اُنھوں نے اللہ کے سوا کچھ خدا |
| لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿٨١﴾ۙ | تاکہ ہوں وہ اُن کے مددگار ﴿٨١﴾ |
| كَلَّا ۭ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ | ہرگز نہ ہوگا کوئی مددگار، ضرور انکار کردیں گے وہ اُن کی عبادت کا |
| وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿٨٢﴾ۧ | اور بن جائیں گے وہ اُن کے مخالف ﴿٨٢﴾ |
| اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ | کیا نہیں دیکھا تم نے کہ یقیناً ہم نے چھوڑ رکھے ہیں شیاطین |
| عَلَي الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿٨٣﴾ۙ | کافروں پر جو اکساتے رہتے ہیں اُن کو (حق کی مخالفت پر) بہت زیادہ ﴿٨٣﴾ |

| | |
|---|---|
| پس مت جلدی کرو تم ان پر (عذاب کے لیے) | فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۖ |
| درحقیقت شمار کر رہے ہیں ہم اُن کے لیے دنوں کی گنتی (۸۴) | إِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا (۸۴) |
| جس دن جمع کریں گے ہم متقیوں کو رحمٰن کے حضور مہمانوں کی طرح (۸۵) | يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا (۸۵) |
| اور ہانکیں گے ہم مجرموں کو | وَنَسُوقُ الْمُجْرِمِينَ |
| جہنّم کی طرف جیسے پیاسوں کو گھاٹ پر لایا جاتا ہے (۸۶) | إِلَىٰ جَهَنَّمَ وِرْدًا (۸۶) |
| (اس وقت) نہ لا سکیں گے وہ کوئی سفارش سوائے | لَا يَمْلِكُونَ الشَّفَاعَةَ إِلَّا |
| اُن لوگوں کے کہ لے رکھی ہو گی اُنھوں نے رحمٰن سے اجازت (۸۷) | مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا (۸۷) |
| اور کہتے ہیں کہ بنا لیا ہے رحمٰن نے کسی کو بیٹا (۸۸) | وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا (۸۸) |
| درحقیقت گھڑ لائے ہو تم ایک بات سخت بے ہودہ (۸۹) | لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا إِدًّا (۸۹) |
| قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں | تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ |
| اور شق ہو جائے زمین اور گر پڑیں | وَتَنْشَقُّ الْأَرْضُ وَتَخِرُّ |
| پہاڑ پارہ پارہ ہو کر (۹۰) | الْجِبَالُ هَدًّا (۹۰) |
| اس بات پر کہ دعوٰی کیا ہے اُنھوں نے | أَنْ دَعَوْا |
| رحمٰن کے لیے اولاد ہونے کا (۹۱) | لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا (۹۱) |
| حالانکہ نہیں ہے یہ شان رحمٰن کی کہ وہ بنائے کسی کو بیٹا (۹۲) | وَمَا يَنْبَغِي لِلرَّحْمٰنِ أَنْ يَتَّخِذَ وَلَدًا (۹۲) |

| | |
|---|---|
| اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ | نہیں ہے کوئی جو ہے آسمانوں میں |
| وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي | اور زمین میں مگر پیش ہونے والے ہیں وہ سب |
| الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۝۹۳ | رحمٰن کے حضور عبد کی حیثیت سے ۹۳ |
| لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ | یقیناً اس نے احاطہ کر رکھا ہے اُن کا |
| وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۝۹۴ | اور شمار کر رکھا ہے اُنہیں گن گن کر ۹۴ |
| وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ | اور ان میں سے ہر ایک حاضر ہوگا اس کے حضور |
| يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۝۹۵ | قیامت کے دن اکیلا اکیلا ۹۵ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | یقیناً وہ لوگ جو ایمان لائے |
| وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ | اور کیے اُنہوں نے نیک کام عنقریب پیدا کر دے گا |
| لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝۹۶ | ان کے لیے رحمٰن (دلوں میں) محبت ۹۶ |
| فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ | درحقیقت یہ جو آسان کیا ہم نے قرآن کو |
| بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ | تمہاری زبان میں (نازل کر کے) اس لیے کیا ہے تاکہ خوشخبری دو تم |
| بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ | اس کے ذریعہ سے متقیوں کو اور ڈراؤ |
| بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ۝۹۷ | اس سے ہٹ دھرم لوگوں کو ۹۷ |
| وَكَمْ اَهْلَكْنَا | اور کتنی ہی ہلاک کی ہیں ہم نے |
| قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ | اُن سے پہلے اُمتیں۔ |
| هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ | کیا پاتے ہو تم (نام و نشان) اُن میں سے |
| مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ | کسی کا یا سُنتے ہو تم |
| لَهُمْ رِكْزًا ۝۹۸ | ان کے بارے میں کوئی بھنک ۹۸ |